© rasailojaraid.com



## عالم اسلام اب محض ایک بھیگی بلی ہے

## مسلمانوں کے منہ پر "واشنگٹن پوسٹ" کا طمانچہ

آخر کیا وجہ ہے کہ بوسنیا کے مسلمانوں کی عالم اسلام سے مدد آنے کی امیدیں دھری کی دھری رہ گئیں، جہاد تو دور کی بات ہے۔ تیل پیدا کرنے والے مسلم ممالک سربیا کو تیل کی فراہمی روک کر اس کی شہ رگ پر ہاتھ ڈال سکتے تھے، بوسنیا کے مسلمان آج جس طرح بے دردی کے ساتھ قتل کیے جا رہے ہیں اس سے بڑی کون سی تباہی آئے گی، جب اسلام جوش میں آئے گا۔ گویا اسلام کو شیر کی طاقت حاصل ہونے کا جو شہرہ تھا اسے قصہ ماضی سمجھو اب تو یہ ایک بھیگی بلی ہے۔ (دی واشنگٹن پوسٹ ۳۰ نومبر ۹۲ء)

## الحق کے مضامین

الحق کے ایمان افروز اداریئے اور بعض دوستوں کے مضامین پڑھ کر بہت خوش ہوا۔ اور معلومات میں کافی اضافہ ہوا، لفظ جبین کا معنی بھی واضح ہوا۔ ڈاکٹر حسن نعمانی اور بخاری صاحب کا جواب پڑھنے کے بعد اس پر مزید لکھنا تحصیل حاصل اور وقت کا ضیاع ہے۔ اس کے بعد علمی، ملکی اور سیاسی مسائل پر جیسے کہ آپ نے مروجہ نظام حکومت کی تبدیلی یا مولانا محمد اسلم شیخوپوری کا مضمون اصلاح و فلاح امت کے لیے چند تجاویز جیسے قومی اور ملی مسائل پر لکھنے کی ضرورت ہے؟ (محمد اسماعیل ذبیح)

(بقیہ صفحہ ۲۴ سے)



© rasailojaraid.com